علی رضی اللہ عنہ کو دیکھنا عبادت ہے۔

مجیب: ابوصدیق محمد ابوبکر عطاری

فتوی نمبر: WAT-864

تاریخ اجراء: 27ذوالحجۃالحرام1443ھ/27جولائی2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

النظر الی وجه علی عبادة، کیا اس کو بیان کرنا جائز ہے؟ سنا ہے کہ موضوع ہے؟

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِكِ الۡوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

اس روایت کو بیان کرنا درست ہے اور یہ روایت موضوع نہیں ہے، چنانچہ مستدرك علی الصحیحین للحاکم میں ہے "قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: «النظر إلى علي عبادة» هذا حديث صحيح الإسناد" و شواهده عن عبد الله بن مسعود صحيحة" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: علی رضی اللہ عنہ کو دیکھنا عبادت ہے، یہ حدیث صحیح الاسناد ہے اور اس حدیث کے شواہد جو حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں، وہ بھی صحیح ہیں۔ (مستدرک علی الصحیحین للحاکم، جلد3، صفحہ152، حدیث نمبر4681، مطبوعہ بیروت)

الصواعق المحرقہ میں ہے "أخرج الطبراني والحاكم عن ابن مسعود رضي الله عنه أن النبي صلى الله عليه وسلم قال (النظر إلى علي عبادة) إسناده حسن" امام طبرانی وحاکم نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: علی کو دیکھنا عبادت ہے۔ اس روایت کی سند حسن ہے۔ (الصواعق المحرقہ، فصل فی فضائل علی، ج2، ص360، مؤسسۃ الرسالۃ، لبنان)

مزید ایک مقام پر ہے "وكان أبو بكر يكثر النظر إلى وجه علي فسألته عائشة فقال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول (النظر إلى وجه علي عبادة) ومر نحو هذا وأنه حديث حسن" ترجمہ: حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ کثرت سے حضرت علی رضی اللہ تعالی عنہ کے چہرے کو دیکھا کرتے تھے تو حضرت عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا نے ان سے اس کا سبب پوچھا تو انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالی

علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے سنا ہے کہ: "علی کے چہرے کو دیکھنا عبادت ہے۔" اس کی مثل حدیث گزر چکی اور یہ کہ وہ حدیث حسن ہے۔ (الصواعق المحرقہ، ج2، ص517، مؤسسۃ الرسالۃ، لبنان)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net